

# پیمائش (لمبائی)

لمبی چیز کے گرد دائرہ لگائیں۔


























تختہ سیاہ کی لمبائی ماپنے کے لیے ہم مختلف چیزیں استعمال کر سکتے ہیں۔





ہم کتاب استعمال کر سکتے ہیں۔

ہم بالشت استعمال کر سکتے ہیں۔

بالشت کو استعمال کرتے ہوئے ان چیزوں کی لمبائی لکھیں۔

بالشت ____________ ڈیسک

بالشت ____________ بستہ

بالشت ____________ تختہ سیاہ

بالشت ____________ کرسی

# لمبائی سینٹی میٹروں میں


معیاری پیمائش کیلئے ہم لمبائی کی اکائیاں استعمال کرتے ہیں۔

لمبائی کی پیمائش کی اکائی سینٹی میٹر ہیں۔

ہم اسے (سم) لکھ سکتے ہیں۔

ایک چیز کی لمبائی ماپنے کے لیے پیمانہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

نیچے دیے گئے پیمانے میں 0 سے 1 تک کی پیمائش 1 سینٹی میٹر کو ظاہر کرتی ہے۔





ربڑ 4 سینٹی میٹر لمبی ہے۔

پنسل 10 سینٹی میٹر لمبی ہے۔

قینچی 15 سینٹی میٹر لمبی ہے۔


نیچے دی گئی چیزوں کی لمبائیاں پڑھیں۔




پنسل کی لمبائی......................................سم ہے۔




کیل کی لمبائی......................................سم ہے۔




کنگھی کی لمبائی......................................سم ہے۔

# لمبائی میٹروں میں





علی دیوار کی لمبائی معلوم کرنا چاہتا ہے۔
وہ میٹر کا پیمانہ استعمال کرتا ہے۔

زیادہ لمبی چیزوں کی پیمائش ہم میٹر کے پیمانے سے کر سکتے ہیں۔

لمبائی کی ایک اور اکائی میٹر ہے جسے ہم (m) لکھ سکتے ہیں۔

$$1m=100cm$$

بتائیں کیا ہم دی گئی چیزوں کی پیمائش کے لئے میٹر استعمال کریں گے یا سینٹی میٹر؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٹرک |  | cm | m |
| پنسل بکس |  | cm | m |
| کار |  | cm | m |

میٹر کے پیمانے کو غور سے دیکھیں۔ یہ ایک میٹر لمبا ہے۔





کرسی کی لمبائی میٹر کے پیمانے سے کم ہے۔
یہ ایک میٹر سے کم لمبی ہے۔


زارا کا قد تقریباً ایک میٹر لمبا ہے۔ وہ تقریباً ایک میٹر لمبی ہے۔

ٹیچر میٹر کے پیمانے سے لمبی ہے۔ وہ ایک میٹر سے زیادہ لمبی ہے۔

میٹر کے پیمانے کو غور سے دیکھیں۔ یہ ایک میٹر لمبا ہے۔





کون سی چیز کی لمبائی ایک میٹر سے زیادہ ہے؟


کون سی چیز ایک میٹر سے کم ہے؟

1 احمد نے 44 میٹر لمبا پائپ خریدا۔ اس کے بھائی نے 9 میٹر لمبا پائپ خریدا ہے۔
دونوں پائپوں کی کل کتنی لمبائی ہے؟


2 سیما کے پاس 54 میٹر لمبی تار ہے۔ وہ 20 میٹر لمبی تار اپنے بھائی کو دے دیتی ہے۔
اب سیما کے پاس کتنے میٹر لمبی تار بچی؟

مختلف لمبائیوں کی لائن کھینچنے کے لیے ہم پیمانہ استعمال کر سکتے ہیں۔

پہلا قدم: ہموار سطح پر پیمانہ رکھیں۔




دوسرا قدم: 0 سے 5cm تک لائن کھینچیں۔






لمبائی پڑھیں اور اس لمبائی کی لائن پیمانہ کے استعمال سے کھینچیں۔


1. 6 cm
2. 7 cm
3. 3 cm
4. 4 cm
5. 9 cm


# کمیت (وزن کی پیمائش)


بھاری پلڑے کے گرد دائرہ لگائیں۔














# کمیت (وزن) کی پیمائش

ہم کمیت (وزن) کی پیمائش کے لیے معیاری اکائی استعمال کرتے ہیں۔

وزن ماپنے کی معیاری اکائی گرام ہے۔ ہم اسے **g** لکھ سکتے ہیں۔

g اس کو غور سے دیکھیں:


یہ 1g کے برابر ہے۔




یہ 1g کے 4 باٹ ہیں۔
پنسل کا وزن 4g ہے۔

1kg = 1000g

وزن کی ایک اور معیاری اکائی **kg** ہے۔
اسے **kg** لکھ سکتے ہیں۔
kg اسے غور سے دیکھیں۔
یہ 1kg کے برابر ہے۔





یہ 1kg ہے۔
آٹے کا وزن 1kg ہے۔


تصاویر کو غور سے دیکھ کر ہر چیز کا وزن لکھیں۔





_____________ g




_____________ kg




_____________ kg





_____________ g

**1** آموں کا وزن 5kg ہے۔ سیبوں کا وزن 2kg ہے۔
آم اور سیب کا کل کتنا وزن ہے؟

**2** احمد نے 18kg برف خریدی۔ اس نے 3kg برف استعمال کر لی۔
کتنے kg برف بچ گئی؟

# گنجائش کی پیمائش

جگ کو غور سے دیکھیں۔اس میں کتنے گلاس پانی آ سکتا ہے؟




اس جگ میں 3 گلاس پانی آ سکتا ہے۔


اس چیز کے گرد دائرہ لگائیں جس میں جگ سے کم پانی آئے گا۔



اس چیز کے گرد دائرہ لگائیں جس میں جگ سے کم پانی آئے گا۔



ثناء یہ جاننا چاہتی ہے کہ اس برتن میں پانی کی صحیح مقدار کتنی آ سکتی ہیں؟



اس برتن میں 2 جگ پانی آ سکتا ہے۔





ایک جگ میں ایک لٹر پانی آ سکتا ہے۔

گنجائش کی معیاری اکائی لٹر ہے۔ہم اسے L لکھ سکتے ہیں۔

اس برتن میں 2L پانی آ سکتا ہے۔

گنجائش کو ماپنے کی ایک اور اکائی ملی لٹر ہے۔اُسے ہم mL لکھ سکتے ہیں۔





اس جگ کو غور سے دیکھیں۔


اس میں 200mL پانی ہے۔

1000 ml = 1L


پیمائشی جگ کو غور سے دیکھیں۔ جگ میں پانی کی مقدار لکھیں۔




_______ mL




_______ mL




_______ mL

**1** ٹینک میں 400 لٹر پانی ہے۔
دوسرے برتن میں 80 لٹر پانی ہے۔
دونوں برتنوں میں پانی کی کل کتنی مقدار ہے؟

**2** ایک بوتل میں 20 لٹر پانی ہے۔
حسن 3 لٹر پانی پی لیتا ہے۔
بوتل میں پانی کی کتنی مقدار بچ گئی؟